DOMESTIC CRICKET SEASON 2020-21

نیشنل انڈر19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کا دوسرا راؤنڈ مکمل

لاہور، 11 نومبر 2020 :

نیشنل انڈر 19 تھری ڈے ٹورنامنٹ کا تیسرا راؤنڈ مکمل ہوگیا۔ راؤنڈ میں سنٹرل پنجاب اور ناردرن کے مابین کھیلا گیا تین روزہ میچ ڈرا ہوگیا۔

رانا نوید الحسن کرکٹ اکیڈمی شیخوپورہ میں کھیلے گئے میچ میں ناردرن نے اپنی دوسری اننگز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 186 رنز بنائے تھے کہ میچ کے لیے مقررہ وقت ختم ہوگیا۔ عبدالفصیح نے 46 اور حسن عابد کیانی نے 43 رنز بنائے۔ پہلی اننگز میں 4 وکٹیں حاصل کرنے والے سنٹرل پنجاب کے اسپنر ارحم نواب نے دوسری اننگز میں 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس سے قبل سنٹرل پنجاب کی پوری ٹیم میچ کے آخری روز پہلی اننگز میں ناردرن کے 302 رنز کے جواب میں 216 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ ناردرن کے مبصر خان نے 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ محمد وقاص نے 49 رنز بنائے۔

اُدھر قذافی اسٹیڈیم لاہور اور ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور میں کھیلے جانے والے دونوں میچز خراب روشنی کے باعث مکمل نہ ہوسکے۔

خیبر پختونخوا اور سندھ کے مابین قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے تین روزہ میچ میں کے پی نے سندھ کی دعوت پر پہلے بیٹنگ کا آغاز کیا تو میچ کے پہلے روز 5 اوورز میں انہوں نے 1 وکٹ کے نقصان پر 7 رنز ہی بنائے تھے کہ خراب روشنی کے باعث میچ روک دیا گیا۔

بلوچستان اور سدرن پنجاب کے مابین ایل سی سی گراؤنڈ لاہور میں شیڈول میچ کا ٹاس بلوچستان نے جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تھا تاہم خراب روشنی کے باعث میچ میں ایک بھی گیند نہ پھینکی گئی۔

دونوں گراؤنڈز پر کھیل روکنے کا فیصلہ نوجوان کھلاڑیوں کی صحت اور حفاظت کے پیش نظر کیا گیا ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

About the National U19 Three-Day Tournament

- *The National Three-Day Cricket Tournament 2020-21 for the teenagers will be played from 5 November and the final, a four-day affair to be played at the Gaddafi Stadium, will begin on 26 November*

- *Three cities will host 16 matches at four venues, namely Country Club Ground, Muridke (2); Gaddafi Stadium, Lahore (6); LCCA Ground, Lahore (5); Rana Naveed Academy, Sheikhupura (3). Detailed schedule is here*

- *PKR2.5million are up for grabs in the tournament as the winning team will bag PKR1.5million and the best performers will receive PKR50,000 each*

- *Sindh will be defending the title they won after defeating Northern by seven wickets in Sheikhupura*

- *To ensure health and safety of the players and all those involved, the tournament is played under strict Covid-19 protocols*

- *The tournament serves as a platform for the up and coming cricketers to impress the selectors and stake a claim in Pakistan U19 side. The six Cricket Association U19 squads are available here*

HELP PREVENT CORONAVIRUS

National Team Partners

Domestic Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4